سیکھنے سِکھانے کے حلقوں کا جدول

# اوراد پڑھنا

22 جنوری 2026



## سیکھنے سِکھانے کے حلقوں کا جدول

(1): مختلف مَوضوعات پر مختصر بیان:5منٹ (2): دُعا یاد کرنا:5منٹ (3): فکرِ مدینہ:5منٹ۔ کُل دورانیہ:15منٹ

آج کے سیکھنے سکھانے کے حلقوں میں 72 نیک اعمال میں سے ایک نیک عمل **اوراد پڑھنے** کے متعلق مفید ترین معلومات دی جائیں گی اور **کفر و فقر سے پناہ کی دعا** یاد کروائی جائے گی۔ آخر میں نیک اعمال کے رسالے سے اجتماعی جائزہ لیا جائے گا۔اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم!

## اوراد پڑھنا

### دُرُود شریف کی فضیلت

**فرمانِ آخری نبی، رسولِ ہاشمی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم:** روزِ قیامت لوگوں میں سے میرے قریب تر وہ ہو گا جس نے دُنیا میں مجھ پر زیادہ دُرُودِ پاک پڑھے ہوں گے۔[1]

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

### نیک عمل نمبر 7

امیر اہلسنت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ نے سوالات کی صورت میں شریعت و طریقت کا جامع مجموعہ نیک اعمال کا رسالہ عطا فرمایا ہے تا کہ مسلمان ان سوالات کے ذریعے اپنا جائزہ لیتے ہوئے اپنی آخرت بہتر کر سکیں۔ آج ہم 72 نیک اعمال کے رسالے سے **نیک عمل نمبر:7** کے بارے میں سیکھیں گے۔

**نیک عمل نمبر7:** کیا آج آپ نے **شجرے** کے کچھ نا کچھ **اوراد** پڑھے؟

### شجرہ کیا ہے؟

مشائخِ کرام اپنے مریدوں اور طالبوں کو شجرہ عطا فرماتے ہیں، جس میں مختلف اوراد و وظائف اور دعائیہ اشعار کی صورت میں شجرہ طریقت بھی ہوتا ہے۔ الحمدُ للہ اسی طرح امیرِ اہلسنت دَامَتْ بَرَکَاتُہُم

[1]... ترمذی، ابواب الوتر، باب ماجاء فی فضل الصلاۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم، صفحہ:144، حدیث:484۔

اَلْعَالِیَہ نے بھی اپنے مریدوں اور طالبوں کے لیے شجرۂ قادریہ، رضویہ، عطاریہ مرتب فرمایا ہے، جس میں مختلف اوراد و وظائف اور شجرہ طریقت یعنی سلسلہ قادریہ کے تمام بزرگوں کا ذکر موجود ہے۔

## آیت مبارکہ

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِیْرًاۙ(۴۱) وَّ سَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّ اَصِیْلًا(۴۲)

(پارہ:22، الاحزاب:41-42)

ترجمۂ کنزالعرفان: اے ایمان والو! اللہ کو بہت زیادہ یاد کرو۔ اور صبح و شام اس کی پاکی بیان کرو۔

اس آیت میں کثرت سے اللہ پاک کا ذکر کرنے کا فرمایا گیا ہے۔ کلمۂ طیبہ کا وِرد، اللہ پاک کی تسبیح اور (وظائف) وغیرہ کرنا سب اللہ پاک کا ذکر کرنا ہے۔[1]

## فرمانِ مصطفےٰ صلی اللہُ علیہِ واٰلہٖ وسلم

کیا میں تمہیں ایسے بہترین اعمال نہ بتادوں؟ ❁ جو اللہ پاک کے نزدیک بہت پاکیزہ ❁ تمہارے درجات کی بلندی کا سبب ❁ تمہارے لیے سونا چاندی خیرات کرنے اور ❁ کفار سے جہاد کرنے سے بہتر ہوں۔ عرض کی گئی: جی ہاں۔ فرمایا: وہ عمل اللہ پاک کا ذکر کرنا ہے۔[2] ❁ ایک راویت میں ہے: صبح شام اللہ پاک کا ذکر کرنا جہاد اور خیرات کرنے سے بہتر ہے۔[3]

## اوراد و وظائف کے متعلق مدنی پھول

(1): استقامت کے ساتھ اوراد و وظائف پڑھنا مُستَحب ہے[4] (2): جب بھی کوئی وظیفہ کیا جائے تو ثواب کی نیت سے کیا جائے اور اسے اللہ پاک کی بارگاہ میں طلبِ حاجت کے لیے وسیلہ بنائے۔ اگر صرف

---

1 ... تفسیر صراط الجنان، پارہ:22، سورۂ احزاب، تحت الآیۃ:41، جلد8، بتغیر قلیل۔
2 ... سنن ترمذی، کتاب الدعوات، باب ماجاء فی فضل الذکر، صفحہ:778، حدیث:3377۔
3 ... الزہد لابن مبارک، الجزالتاسع، صفحہ:394، رقم:1116۔
4 ... شرح مسلم للنووی، کتاب صلاۃ المسافرین، باب صلاۃ الیل و من نام... الخ، جلد:2، جز:6، صفحہ:33، حدیث:1739۔

اسی نیت سے وظیفہ کیا کہ میرا کام پورا ہو جائے یہ جائز ہے لیکن اس کا ثواب نہیں ملے گا(3): وظیفہ صرف جائز کام کے لیے کیا جائے ناجائز کام مثلاً میاں بیوی کے درمیان لڑائی کروانے وغیرہ کے لیے وظیفہ کرنا حرام اور گناہ ہے[1] (4): اوراد و وظائف کو بلا وضو بھی پڑھ سکتے ہیں لیکن بہتر یہ ہے کہ وضو کر لیا جائے (5): جن اوراد و وظائف کے لیے تعداد مُعَیَّن ہے انہیں اتنی ہی تعداد میں پڑھا جائے، جان بوجھ کر کمی یا زیادتی نہیں کرنی چاہیے۔[2]

## اوراد و وظائف کے فائدے

۞ اوراد و وظائف کرنے سے روحانیت (*Spirituality*) میں اضافہ ہوتا ہے ۞ اوراد و وظائف سے مشکلات حل ہوتی، بلائیں ٹلتیں اور رزق میں بَرَکت ہوتی ہے ۞ اوراد و وظائف کرنا اللہ پاک کے ذکر کا ایک خوبصورت طریقہ ہے اور ❋.. یہ کامل ایمان کی نشانی ❋.. دنیا و آخرت کی ہر بھلائی پانے ❋.. عذابِ الٰہی سے نَجات ملنے ❋.. درجات کی بلندی اور ❋.. دل کی صفائی کا سبب ہے[3] ۞ اوراد و وظائف کرنا اللہ پاک کی بارگاہ میں دعا کرنے کا بہترین انداز ہے اور ❋.. دعا عبادت کا مغز اور ❋.. دعا رحمت کی چابی ہے ❋.. دعا مسلمانوں کا ہتھیار ہے ❋.. دعا دین کا ستون ہے ❋.. دعا زمین و آسمان کا نور ہے ❋.. دعا بلاؤں کو ٹال دیتی ہے۔[4]

## مشائخ طریقت کا شجرہ شریف پڑھنے کے فائدے

۞ شجرہ شریف روزانہ پڑھنے سے اپنے سلسلہ طریقت کے تمام بزرگوں کے نام یاد ہو جاتے ہیں جو کہ یقیناً سعادت مندی ہے ۞ شجرہ شریف پڑھنے سے اللہ پاک کے نیک بندوں کا ذکر ہوتا ہے اور ❋.. صالحین کا ذکر کرنے سے رحمتیں نازل ہوتیں ❋.. ایمان تازہ ہوتا اور ❋.. اللہ پاک کا قرب

---

1... فتاویٰ رضویہ، جلد:23، صفحہ:398، ملخصاً۔
2... بہارِ شریعت، جلد 01، حصہ 3، صفحہ 539، ملخصاً۔
3... تفسیر صراط الجنان، پارہ:2، سورۂ بقرہ، تحت الآیۃ:152، جلد:1، صفحہ:143، ملخصاً۔
4... ماہنامہ فیضانِ مدینہ، جون / جولائی 2018، صفحہ:5، ملخصاً۔

نصیب ہوتا ہے ۞ نام بنام اپنے سلسلے کے مشائخ کو ایصال ثواب کرنے کا موقع نصیب ہوتا ہے ۞ شجرہ شریف پڑھنے سے چونکہ اپنے سلسلے کے مشائخ کا ذکر اور ان کو یاد کیا جاتا ہے تو جب خوشحالی کے دنوں میں ان کو یاد کیا جائے گا تو مصیبت کے دنوں میں وہ مصیبت دور فرمائیں گے۔

**اوراد ووظائف نہ کرنے کا نقصان:** اوراد ووظائف نہ کرنا بہت سے فضائل وثوابات سے محرومی کا سبب ہے۔ حدیث پاک میں فرمایا: اہلِ جنت کو اس گھڑی کے سوا کسی شے پر حسرت نہ ہوگی جس میں وہ اللہ پاک کا ذکر نہ کرسکے تھے۔[1]

## شجرہ شریف اور اوراد ووظائف کی عادت بنانے کے لیے

۞ شجرہ شریف اور اوراد ووظائف کی برکتیں پیش نظر رکھئے ۞ ثواب پر نظر رکھئے! بعض لوگ کچھ دن وظیفہ کرکے اکتا جاتے ہیں کہ کام تو ہو نہیں رہا اور وظیفہ چھوڑ دیتے ہیں حاجت پوری کرنے کی بجائے ثواب کی نیت سے وظیفہ کیجئے کہ اگرچہ کچھ عرصہ حاجت پوری نہ بھی ہو لیکن اللہ پاک نے چاہا ثواب ملتا رہے گا ۞ وقت مقرر کرلیجئے! مثلاً فجر کی نماز کے بعد کچھ دیر مسجد میں ٹھہر کر وظائف کیجئے ۞ ابتداء میں لمبے لمبے وظیفے کرنے کی بجائے چھوٹے چھوٹے وظیفے کیجئے! ابتدا ہی میں لمبے وظیفے شروع کرلینے سے ہوسکتا ہے استقامت حاصل نہ ہو ۞ روزانہ تفسیر سننے سنانے کے حلقے میں شرکت کیجئے! اس حلقے میں درس تفسیر کے بعد شجرہ شریف پڑھا جاتا ہے۔

**پیارے اسلامی بھائیو!** آج ہم نے نیک عمل نمبر:7 کے مطابق **اوراد ووظائف** کے عنوان پر مفید ترین معلومات حاصل کیں، نیت کیجئے کہ روزانہ کچھ نا کچھ اوراد وظائف ضرور کریں گے۔ اِنْ شَآءَ اللہُ الْکَرِیْم!

اللہ پاک عمل کی توفیق نصیب فرمائے۔ آمین بجاہِ خاتمِ النبیّٖن صلی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللہُ عَلٰی مُحَمَّد

---

1 ...شعب الایمان، العاشر من شعب الایمان، باب فی محبۃ اللہ، فصل فی ادامۃ ذکر اللہ جلد:1، صفحہ:363، حدیث:512۔

# سیکھنے سِکھانے کے حلقوں میں یاد کروائی جانے والی دعا

## کفر و فقر سے پناہ کی دُعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْۤ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْكُفْرِ وَالْفَقْرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ

**ترجمہ:** اے اللہ میں کفر، فقر اور عذاب قبر سے تیری پناہ چاہتا ہوں

## اجتماعی جائزے کا طریقہ (72 نیک اعمال)

### یومیہ 56 نیک اعمال:

(1): اچھی اچھی نیتیں کیں؟ (2): پانچوں نمازیں باجماعت ادا کیں؟ (3): ہر نماز سے قبل نماز کی دعوت دی؟ (4): رات میں سُورَۃُ الْمُلک پڑھ یا سن لی؟ (5): ہر نماز کے بعد آیۃُ الکرسی، تسبیح فاطمہ، سُورَۃُ الْاِخلاص پڑھی؟ (6): کنزُالاِیمان سے 3 آیات یا صِراطُ الجنان سے 2 صفحات مع ترجمہ و تفسیر پڑھ یا سن لئے؟ (7): شجرے کے اوراد پڑھے؟ (8): 313 بار دُرود شریف پڑھے؟ (9): آنکھوں کو گناہوں سے بچایا؟ (10): کانوں کو گناہوں سے بچایا؟ (11): فضول نظری سے بچتے ہوئے نگاہیں نیچی رکھیں؟ (12): 12 منٹ مکتبۃ المدینہ کی اصلاحی کتاب پڑھی؟ (13): اذان و اقامت کا جواب دیا؟ (14): غصے کا علاج کیا؟ (15): اپنا جائزہ کیا؟ (16): اپنے نگران کی اطاعت کی؟ (17): آپ اور جی کہہ کر بات کی؟ (18): مدرسۃ المدینہ بالغان میں پڑھا، یا پڑھایا؟ (19): عشاء کی جماعت سے دو گھنٹے میں گھر پہنچ گئے؟ (20): 2 گھنٹے دینی کاموں پر صَرف کئے؟ (21): فجر کے لئے جگایا؟ (22): دوسروں کے گھروں میں جھانکنے سے بچے؟ (23): گھر درس ہوا؟ (24): مسجد درس دیا یا سُنا؟ (25): سنّت کے مُطابِق لباس پہنا؟ (26): زلفیں رکھنے کی سنّت پر عمل ہے؟ (27): ایک مشت داڑھی ہے؟ (28): گناہ ہونے کی صورت میں فوراً توبہ کی؟ (29): سنّت کے مُطابِق کھانا کھایا؟ (30): مسلمانوں کو سلام کیا؟ (31): کچھ نہ کچھ سنتوں پر عمل کیا؟ (32): ظہر کی سنتِ قبلیہ فرض سے پہلے ادا کیں؟ (33): تہجُّد یا صلوٰۃُ اللیل پڑھی؟ (34): اَوّابین یا اِشْراق وچاشت پڑھیں؟ (35): عصر یا عشا کی سنتِ قبلیہ پڑھیں؟ (36): 12 دینی کاموں میں سے ایک دینی کام کی ترغیب دلائی؟ (37): دوسروں سے مانگ کر چیزیں تو استعمال نہیں کیں؟ (38): جھوٹ، غیبت اور چغلی سے

بچے؟(39):کچھ نہ کچھ وقت مَدَنی چینل دیکھا؟(40):ذاتی دوستی تو نہیں کی؟(41):وقت پر قرض ادا کر دیا؟(42):عاجزی کے ایسے الفاظ تو نہیں بولے جن کی تائید دل نہ کرے؟(43):صفائی اور سلیقے کا خیال رکھا؟(44):مسلمانوں کے عُیُوب کی پردہ پوشی کی؟(45):بعدِ فجر تفسیر سننے/سنانے کے حلقے میں شرکت کی؟(46):کچھ نہ کچھ جائز کام سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھی؟(47):چوک درس دیا یا سنا؟(48):والدین اور پیر و مرشد کو ایصالِ ثواب کیا؟(49):اِسْرَاف سے بچے؟(50):ٹریفک قوانین کی پابندی کی؟(51):تنظیمی طریقہ کار کے مُطابِق مسئلہ حل کیا؟(52):زبان کے گناہوں سے بچے؟(53):فضول باتوں سے بچے؟(54):مذاق مسخری، طنز، دل آزاری اور قہقہہ لگانے سے بچے؟(55):عمامہ شریف باندھا؟(56):ماں باپ کا اَدَب کیا؟

## قفلِ مدینہ کارکردگی

❁ لکھ کر گفتگو 12 مرتبہ ❁ اشارے سے گفتگو 12 مرتبہ ❁ نگاہیں گاڑے بغیر گفتگو 12 مرتبہ۔

## ہفتہ وار 9 نیک اعمال

(57):اسلامی بہنوں کے ہفتہ وار اجتماع میں کسی نہ کسی اسلامی بہن کو گھر سے بھیجا؟(58):ہفتہ وار مَدَنی مُذاکَرہ دیکھا یا سنا؟(59):ہفتہ وار اجتماع میں اوّل تا آخر شرکت ہوئی؟(60):یومِ تعطیل اِعْتِکَاف کیا؟(61):مریض یا دکھیارے کی عیادت یا غم خواری اور کسی کے انتقال پر تعزیت کی؟(62):ہفتے میں کسی بھی دن روزہ رکھا؟(63):ہفتہ وار رسالہ پڑھا یا سنا؟(64):علاقائی دورہ کیا؟(65):پہلے آنے والے اور اب نہ آنے والے اسلامی بھائی کو دینی ماحول سے وابستہ کیا؟